# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 03 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۳ رجولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **لوک سبھا کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی ' ترقی یافتہ بھارت کا خواب پورا کرنے کے لیے حکومت پابند ' وزیر اعظم نریندر مودی**

☆ **وزیر اعلیٰ لاڈلی بہن اسکیم کی مدت میں 31 راگست تک اضافہ**

☆ **قانون ساز کونسل کی 11 رنشستوں کے لیے 14 رامیدواروں کی جانب سے درخواستیں داخل**

**اور**

☆ **اُتر پردیش کے ہاتھرس ست سنگ میں مچی بھگدڑ میں 116 رافراد جاں بحق**

**اب خبریں تفصیل سے...**

لوک سبھا کی کارروائی کل سے غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی گئی ہے۔ ایوان کے اسپیکر اوم برلا نے کل شام صدر جمہوریہ کے خطبے پر شکریہ کی تجویز صوتی رائے دہی سے منظور کرنے کے بعد یہ اعلان کیا۔

اِسی دوران اِس شکریہ کی تجویز پر تبادلہ خیال میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پارلیمنٹ میں مخالفین کی جانب سے دیے جارہے بے بنیاد بیانات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ وزیر اعظم نے اسپیکر سے اِس کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کی گزشتہ 10 ربرسوں کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے عوام نے قومی جمہوری اتحاد کو تیسری مرتبہ اکثریت دلائی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ترقی یافتہ بھارت کا خواب پورا کرنے کے لیے حکومت پابند ہے۔

وزیراعظم کی تقریر کے دوران مخالفین کی جانب سے مسلسل نعرے بازی جاری تھی۔ جس پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے مخالفین کی ہنگامہ آرائی کی مذمت کی تجویز لوک سبھا میں پیش کی۔ جسے ایوان نے صوتی رائے دہی سے منظور کرلیا۔

دوسری جانب ایوان بالا یعنی راجیہ سبھا میں آج صدر جمہوریہ کے خطبے پر شکریہ کی تجویز کا وزیر اعظم جواب دیں گے۔

**** ***** *****

ریاستی اسمبلی میں بھی گورنر کے خطبے پر شکریہ کی تجویز پر تبادلہ خیال کا وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل جواب دیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے بتایا کہ آنے والے دنوں میں ریاست میں ایک لاکھ کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری اور روزگار کے 50/ ہزار مواقع دستیاب ہونے کی توقع ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ریاستی معیشت کو ایک ٹریلین ڈالر تک پہنچانے کے لیے متعدد صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے ایک مکتوب کے ذریعے بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم سے زمین کی شرط نکال دی گئی ہے۔ ساتھ ہی اِس اسکیم کے لیے درخواست دینے کی مدت 31/ اگست تک بڑھا دی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 60/ سال سے بڑھا کر 65/ سال کردی گئی ہے۔ جناب اجیت پوار نے بتایا کہ دیگر شرائط بھی نرم کیے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ خط غربت سے نیچے کے خاندانوں کی خواتین کو فوراً امداد کی رقم دی جائے گی۔ دیگر خواتین کو درخواستوں کی جانچ مکمل ہونے کے بعد ہی جولائی مہینے سے رقم ادا کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں قابل اعتراض بیان دینے کی پاداش میں حزب مخالف کے رہنما امباداس دانوے کو 5/ دن کے لیے معطل کرنے کی قرارداد کل ایوان میں صوتی رائے دہی سے منظور کی گئی۔ اعلیٰ و تکنیکی تعلیم کے وزیر چندر کانت پاٹل نے یہ قرارداد پیش کی تھی۔

مخالف جماعتوں نے اِس پر حزب اختلاف کا موقف سننے پر اصرار کیا۔ جس پر نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ ایسی قرارداد پر کبھی بھی تبادلہ خیال نہیں کیا جاتا۔ جس کے بعد مخالفین نے نعرے بازی کرتے ہوئے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی 11 رنشستوں کے لیے کل 14 رامیدواروں کی جانب سے 24 ردرخواستیں داخل کی گئی ۔ بی جے پی کی پنکجا منڈے ' پری نئے پھوکے ' سدا بھاؤ کھوت 'یوگیش ٹی ڑیکر اور امِت گورکھے نے اپنی درخواستیں داخل کی ۔ اِسی طرح راشٹروادی کانگریس کے راجیش وِٹیکر اور شیواجی راؤ گرجے نے ' شیوسینا کے سابق رکن پارلیمان کُرپال تومانے اور بھاؤنا گولی نے درخواستیں داخل کی۔ کانگریس پارٹی کی جانب سے پرگیاساتو اور شیوسینا اُدھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ملند نارویکر نے عرضیاں داخل کیں۔ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی نے شیتکری کامگار پارٹی کے جینت پاٹل کی حمایت کا اعلان کیا ہے ۔

آج اِن درخواستوں کی چھان بین کی جائے گی ۔ پرسو جمعہ کے دن تک درخواستیں واپس لی جاسکتی ہیں ۔ آئندہ 12 رتاریخ کے روز ضرورت کے مطابق رائے دہی اور رائے شماری کی جائے گی ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروِس کمیشن کا مہاراشٹر درجہ سوم سروس کا مین امتحان 2023 کلرک ٹائپسٹ اور ٹیکس اسسٹنٹ کے زمرے میں ہونے والا ٹائپنگ ٹیسٹ ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ۔ یہ امتحان یکم جولائی سے 13 رجولائی کے درمیان لیا جانے والا تھا لیکن کچھ تکنیکی دشواریوں کی وجہ سے یہ امتحان ملتوی کر دیا گیا ہے۔ کمیشن کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ نئی تواریخ کا اعلان الگ سے کیا جائے گا۔

***** ***** *****

اُتر پردیش میں ہاتھرس ضلعے کے پھول رائی گاؤں میں ست سنگ کے دوران مچ بھگدڑ میں 116 رافراد جاںبحق ہو گئے ۔ جبکہ متعدد افراد زخمی ہیں ۔ اِن میں کئی خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ سینئر پولس سپرنٹنڈنٹ راجیش کمار سنگھ نے بتایا کہ ست سنگ میں عوام کا ہجوم بڑھ جانے کی وجہ سے یہ بھگدڑ مچی تھی۔

اُتر پریش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدِتیہ ناتھ نے اِس حادثے کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مہلوکین کے ورثاء کو وزیر اعظم قومی امداد فنڈ سے فی کس 2 رلاکھ روپئے اور زخمیوں کو فی کس 50 ر ہزار روپئے امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

شولاپور - تلجاپور - عثمان آباد ریلوے راستے کے لیے درکار 187/اعشاریہ 33/ہیکٹر زمین میں سے 117/ہیکٹر زمین تحویل میں لے لی گئی ہے۔ اور 246/کروڑ روپئے کا معاوضہ بھی ادا کر دیا گیا ہے۔ تحویل اراضی کے افسر نیز ڈپٹی کلکٹر سُمت شندے نے یہ بات بتائی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ آئندہ 4/مہینوں میں تحویل اراضی کا کام مکمل کر دیا جائے گا۔انھوں نے بتایا کہ بقیہ کاشتکار سے تجاویز قبول کرنے کے لیے آئندہ 10/جولائی سے دیہی سطح پر کیمپ کا اہتمام کیا جائے گا۔

***** ***** *****

نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں زیرحراست لاتور کے جلیل خان پٹھان اور سنجئے جادھو کو 6/جولائی تک سی بی آئی کی حراست میں رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔اِن ملزمان کی پولس تحویل کی مدت کل ختم ہونے کے بعد انھیں عدالت میں پیش کیا گیا تھا جس کے بعد عدالت نے مذکورہ حکم دیا۔

***** ***** *****

اسپائریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے تحت دھاراشیو ضلعے کے پرنڈا تعلقے میں نیتی آیوگ کی جانب سے صحت ، زراعت ، تعلیم کے شعبے میں مہیا کی گئی بنیادی سہولیات کے انڈیکس میں بہتری کے مقصد سے آئندہ 4/تاریخ سے 30/ستمبر تک خصوصی مہم چلائی جائے گی۔اِس دوران دیہی مجالس ، ریلیاں ، بچت گروپوں کی تیار کردہ مصنوعات کی فروخت اور نمائش کا اہتمام کیا جائے گا۔

***** ***** *****

” وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن“ نامی یوجنا سے مستفیض ہونے کے لیے مستحق خواتین آن لائن درخواست دیں۔لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے اور ضلع پریشد کے خصوصی کارگذار افسر انمول ساگر نے یہ اپیل کی ہے۔انھوں نے بتایا کہ اِس اسکیم سے متعلق تفصیلی معلومات دینے کے لیے ضلع سطح پر مدد کمرہ بنایا گیا ہے۔محترمہ ورشا ٹھاکُر گھوگے نے کہا کہ مستحق خواتین ایجنٹوں سے محتاط رہیں اور ایسے کسی شخص کے بارے میں معلوم ہونے پر مدد کمرے کو اِس کی اطلاع دیں۔

***** ***** *****

راشن دکانداروں کے کمیشن میں اضافے کے مطالبے پر راشن دکانداروں کی ریاستی تنظیم کی جانب سے کل چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے آندولن کیا گیا۔ اِس موقعے پر مختلف 14 / مطالبات پر مبنی ایک محضر بھی ضلع انتظامیہ کو پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں کل ''ڈائریا کی روک تھام'' نامی مہم شروع کی گئی۔ ضلع پریشد کی خصوصی کارگذار افسر ورشا مینا نے اِس مہم کا آغاز کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ بارش کے موسم میں ہونے والے امراض سے متعلق عوامی بیداری پیدا کرنے کے مقصد سے یہ مہم چلائی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں کل کئی دن کے بعد بارش ہوئی۔ اِس بارش کے بعد کاشتکاروں کی جانب اب بقیہ تخم ریزی کیے جانے کی امید ہے۔ ناندیڑ ضلعے میں اب تک 60 / فیصد تخم ریزی کی جاچکی ہے۔

***** ***** *****

جنوب مغربی مانسون پورے ملک پر چھا گیا ہے۔ اگلے 2 / دنوں کے دوران کوکن کے بیشتر علاقوں میں اچھی بارش ہونے کی امید ہے۔ اِسی طرح وِدربھ میں بھی طوفانی ہواؤں اور بادلوں کی گھن گرج کے ساتھ بارش ہونے کی امید ہے۔ وسطی مہاراشٹر کے بیشتر حصوں میں اِسی طرح مراٹھواڑہ میں بھی بارش ہونے کا امکان پونا کے دفتر موسمیات نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ لوک سبھا کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی ' ترقی یافتہ بھارت کا خواب پورا کرنے کے لیے حکومت پابند ' وزیراعظم نریندر مودی

☆ وزیر اعلیٰ لاڈلی بہن اسکیم کی مدت میں 31 / اگست تک اضافہ

☆ قانون ساز کونسل کی 11 / نشستوں کے لیے 14 / امیدواروں کی جانب سے درخواستیں داخل

اور

☆ اُتر پردیش کے ہاتھرس ست سنگ میں مچی بھگدڑ میں 116 / افراد جاں بحق

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆